12492 ـ کیا میت کو غسل دینے والا شخص دوسروں کو شر اور خیر کی علامات بتا دے؟

سوال

کیا غسل دینے والا شر اور خیر کی بعض علامات بتا دے ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

خیر و بھلائی کی علامات بتانے میں تو کوئی حرج نہیں، لیکن شر و برائی کی علامات نہ بتائے کیونکہ یہ غیبت ہے، لیکن اگر وہ یہ کہے کہ:

بعض میتیں سیاہ وغیرہ ہوتی ہیں تو اس میں کوئی حرج نہیں، لیکن یہ منع ہے کہ وہ کہتا پھرے میں نے فلان کو غسل دیا تو اس میں یہ یہ شر کی علامات دیکھیں، کیونکہ اس سے میت کے اہل وعیال کو تکلیف اذیت ہو گی جو کہ غیبت میں شامل ہوتی ہے.